


dun&bradstreet GALLUP PAKISTAN Affiliated with Gallup International Pakistan's Foremost Social Research Lab

گیلپ پاکستان اور ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ پاکستان نے ایک عوامی طور پر دستیاب Consumer Confidence Index (CCI) بنانے کیلئے تعاون کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس حوالے سے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیئے ہیں۔ یہ انڈکس مارچ 2020 سے سہ ماہی طور پر شائع کیا جائے گا۔ اس مفاہمت نامے پر بلال اعجاز گیلانی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر گیلپ پاکستان، اور نعمان لکھانی، کنٹری منیجر ڈی اینڈ بی پاکستان، نے پیر، 16 دسمبر 2019 کو دستخط کیئے۔

یہ مفاہمت نامہ پاکستانی صارفین کی معاشی توقعات اور ترجیحات کا ایک انڈیکس تیار کرنے کیلئے ایک دوسرے کے فرائض اور افعال کی تکمیل میں باہمی وابستگی کی ایک شکل ہے۔ یہ Consumer Confidence Index اسٹیک ہولڈرز کے لیے ایک اہم معاشی اشارے کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

گیلپ پاکستان، گیلپ انٹرنیشنل سے وابستہ، گذشتہ 40 سالوں سے ملک میں سماجی تحقیق کے شعبے میں کام کررہا ہے۔ رائے عامہ اور ڈیٹا اکٹھا کرنے میں مہارت کے ساتھ، گیلپ اپنی تجارتی تدابیر اور تکنیکی جانکاری کا استعمال اس بنیادی تحقیق کے طریقہ کار کو تیار کرنے، اور اس پر عمل درآمد کرنے کے لیے کرے گا جو صارفین کی رائے اکٹھا کرنے کے لیے استعمال ہوگا۔

ڈن اینڈ بریڈ اسٹریٹ، جس کی عالمی موجودگی 178 سال سے زیادہ ہے، دنیا بھر میں کاروباری معلومات اور بصیرت کا سب سے بڑا ذریعہ ہے اس کمپنی کے پاس دنیا پھر میں 350 ملین سے زیادہ کاروباری ریکارڈ موجود ہیں۔ ڈیٹا انیلیٹکس اور ویز الائزیشن میں عالمی مہارت کے ساتھ، ڈی اینڈ بی، جس نے حال ہی میں پاکستان میں اپنی کاروائیاں شروع کی ہیں، انڈیکس کی نشوونما اور نتائج کی اطلاع دہندگی کے لیے اعداد و شمار کی حرکیات کے بارے میں اپنی تقسیم کا استعمال کریں گے۔

نعمان لکھانی نے مزید کہا کہ 'ہمیں پاکستان میں CCI کی اشات کے لیے گیلپ کے ساتھ شراکت کرنے پر فخر ہے۔ یہ رشتہ دو عالمی پاور ہاؤسز کے مابین فطری ہم آہنگی ہے اور ہم آنے والے سالوں میں اس طرح کے دیگر اہم امور پر مل کر کام کرے کے منتظر ہیں۔ یہ انڈیکس عالمی سطح پر ایک اہم اشارے کی حیثیت رکھتا ہے اور پاکستان میں بھی صارفین کے اعتماد کا اندازہ لگانے میں اہم ثابت ہو گا۔